


# پری فزیبلیٹی تحقیق

## (اچار سازی کا کاروبار)


سمال اینڈ میڈیم انٹرپرائزز ڈویلپمنٹ اتھارٹی

وزارت صنعت و پیداوار

حکومت پاکستان

www.smeda.org.pk

**ہیڈ آفس**

فورتھ فلور، بلڈنگ نمبر 3، ایوانِ اقبال کمپلیکس، ایجرٹن روڈ، لاہور۔

فون 456 111 111 42 92

فیکس 7-36304926 42 92

helpdesk@smeda.org.pk

**ریجنل آفس پنجاب**

بلڈنگ نمبر 3، فلور 3، ایوان اقبال کمپلیکس، ایجرٹن روڈ، لاہور

ٹیلی فون: (042) 111-111-456

فیکس نمبر: (0423) 36304926-7

helpdesk.punjab@smeda.org.pk

**ریجنل آفس سندھ**

بحریہ کمپلیکس 2، فلور 5، ایم ٹی خان روڈ، کراچی

ٹیلی فون: (021) 111-111-456

فیکس نمبر: (021) 35610572

helpdesk-sindh@smeda.org.pk

**ریجنل آفس خیبر پختونخوا**

گراؤنڈ فلور، سٹیٹ لائف بلڈنگ، دی مال، پشاور

ٹیلی فون: (091) 9213046-47

فیکس نمبر: (091) 5286908

helpdesk-khyberpakhtunkhawa@smeda.org.pk

**ریجنل آفس بلوچستان**

بنگلو نمبر: 15-A، چمن ہاؤسنگ سکیم، ایئرپورٹ روڈ، کوئٹہ

ٹیلی فون: (081) 2831623, 2831702

فیکس نمبر: (081) 2831922

helpdesk-balochaistan@smeda.org.pk


**نوٹ**: سمیڈا کی جانب سے وزیراعظم یوتھ بزنس لون سے متعلقہ تمام سہولیات اور معلومات مفت فراہم کی جارہی ہیں

| صفحہ نمبر | عنوانات | نمبر شمار |
|---|---|---|
| 2 | اظہار لاتعلقی | 1 |
| 2 | دستاویز کا مقصد | 2 |
| 2 | سمیڈا کا تعارف | 3 |
| 2 | اسکیم کا تعارف | 4 |
| 3 | اجمالی جائزہ | 5 |
| 3 | کاروبار و مصنوعات کا مختصر بیان | 6 |
| 4 | انتہائی قابل توجہ امور | 7 |
| 4 | ابتدائی و عملی استعداد | 8 |
| 4 | سرمایہ کاری کے لئے جغرافیائی مواقع | 9 |
| 5 | متوقع منڈیاں اور تجارتی علاقے | 10 |
| 5 | پیداواری گردشِ عمل (پروڈکشن پراسس فلو) | 11 |
| 5 | منصوبے کی کل لاگت کا خلاصہ | 12 |
| 5 | معاشی کیفیت | 12.1 |
| 6 | درکار سرمایہ | 12.2 |
| 6 | کل لاگت کاروبار | 12.3 |
| 7 | درکار زمین | 12.4 |
| 7 | مشینری اور آلات کی تفصیل | 12.5 |
| 7 | دفتری سامان | 12.6 |
| 8 | درکار خام مال | 12.7 |
| 9 | درکار افرادی قوت | 12.8 |
| 9 | متوقع پیداوار اور آمدن | 12.9 |
| 9 | متفرق لاگتیں | 12.10 |
| 11 | ضمیمہ جات | 13 |
| 11 | آمدن کا گوشوارہ (انکم سٹیٹمنٹ) | 13.1 |
| 12 | اثاثوں اور وسیلہ جات کا گوشوارہ (بیلنس شیٹ) | 13.2 |
| 13 | گردش نقد کا کھاتہ (کیش فلو سٹیٹمنٹ) | 13.3 |
| 14 | سودمند انتظامی تجاویز | 13.4 |
| 15 | کارآمد روابط | 13.5 |
| 16 | کلیدی مفروضے | 13.6 |

## 1۔ اظہارِ لاتعلقی

یہ معلوماتی مواد اس کاروبار کے بارے میں معلومات فراہم کرنے کی نیت سے شائع کیا گیا ہے۔ اگرچہ اس مواد کے لئے مختلف قابل اعتماد ذرائع سے معلومات لی گئی ہیں۔ البتہ اس میں کئی مفروضات بھی ہیں جو مختلف حالات میں مختلف نتائج دے سکتے ہیں۔ یہ معلومات جو ہے جیسے ہے کی بنیاد پر دی گئی ہیں جس کے لئے سمیڈا، اس کے ملازمین یا عہدیداران معلومات کی صحت کے ذمہ دار نہیں ہیں۔ البتہ اس کام کو کرتے ہوئے ہر ممکن احتیاط برتی گئی ہے۔ اضافی معلومات حاصل کرنے کے لئے ممکنہ سرمایہ کار کی حوصلہ افزائی کی جائے گی جو کہ فیصلہ سازی کے عمل میں ضروری ہے۔ ممکنہ سرمایہ کار کو دی گئی معلومات پر عمل کرنے سے قبل مستند مشاورت کار یا ماہرین سے پیشہ ورانہ مشورہ کرنے کی بھی ضرورت ہے۔ اس کاروبار سے متعلق تفصیلی رپورٹ SMEDA نے تیار کی ہے۔ SMEDA کی طرف سے خدمات اور متعلقہ معلومات کے حصول کے لئے SMEDA کی ویب سائٹ www.smeda.org.pk پر رابطہ کیا جا سکتا ہے۔

## 2۔ دستاویز کا مقصد

اس پیش از آغاز کاروبار تحقیق کا مقصد بنیادی طور پر اپنا کاروبار شروع کرنے والوں کے لئے سرمایہ کاری کے مناسب شعبوں کی نشاندہی ہے۔ اس پراجیکٹ کی پری فزیبلٹی کے ذریعے کسی کاروباری تصور کی وضاحت، اس کے آغاز، تکمیل اور متوقع منافع کے حصول کے لئے مناسب اور ضروری امور کی وضاحت اور احتیاطوں سے باخبر کرنا ہے۔ زیرِ نظر دستاویز میں اچار سازی کا کاروبار قائم کرنے والوں کے لئے اس کاروبار کی اجمالی معلومات مہیا کی گئی ہیں تا کہ وہ سرمایہ کاری میں نازک فیصلے کرتے ہوئے درست اقدامات کر سکیں۔ کاروبار کی ایسی اقسام ہیں جہاں پر لکھت پڑھت بہت کم یا بالکل نہیں ہوتی، عام طور سے لکھی ہوئی ہدایات میسر نہیں ہیں۔ لہٰذا اس کام کے آغاز کے لئے زیادہ تحقیق کرنی پڑتی ہے۔ اس دستاویز میں یہی کاوش کی گئی ہے کہ ایسے کاروبار جن کا دارومدار چند خاص اصولوں کی پاسداری ہوتا ہے جیسے کہ موجودہ کامیاب کاروباریوں کی عادات کو اپنانا اور ان کاروباری امور کا خیال رکھنا جو ایک کامیاب کاروبار کرنے کے لئے غیر تحریری قانون کی سی حیثیت رکھتے ہیں۔ اس معلوماتی مواد کے بغور مطالعے کے ساتھ ساتھ قاری کو بعد از اں فراہم کی جانے والی ان تنقیدی معلومات پر بھی نظر رکھنی چاہیے جو کسی بھی کاروباری سرمایہ کاری کی بنیاد ہیں۔

## 3۔ سمیڈا کا تعارف

اسمال اینڈ میڈیم انٹرپرائز ڈویلپمنٹ اتھارٹی (SMEDA) کا قیام اکتوبر 1998 میں چھوٹے کاروبار کے فروغ کے ذریعے معیشت کو مضبوط بنانے کے تصور کی چھوٹے کاروباریوں کے قیام کے ذریعے سے تکمیل کے لئے عمل میں لایا گیا۔ اسمال بزنس کے فروغ، چھوٹے کاروباریوں کی تعداد اور استعداد میں اضافے کے لئے اور اس ذریعے سے قومی آمدنی کو بہتر بنانے کے لئے سمیڈا نے شعبہ جاتی تحقیق کا کام کیا ہے جس میں چھوٹے کاروباریوں کا تعارف، طریقہ کار، سرمائے کے حصول کے مواقع، کاروبار جمانے کے لئے معلومات، تکنیکی پلان مہیا کرنے، ادارہ جاتی تعاون اور نیٹ ورک کے ذریعے رابطہ شامل ہیں۔ اس سکیم کے ساتھ سمیڈا کاروبار شروع کرنے والوں کو بزنس ڈویلپمنٹ کی سہولت بھی مہیا کرتی ہے۔ اس سہولت میں متعلقہ شعبے کے ماہرین اور پرانے کاروباریوں کا تعارف اور ان سے باہم مشورہ کرنے کے مواقع فراہم کرنا شامل ہیں۔ اس کام کے لئے سمیڈا میں ہیلپ لائن ڈیسک قائم کئے گئے ہیں۔

## 4۔ سکیم کا تعارف

وزیر اعظم کی چھوٹے کاروبار کے لئے قرضہ سکیم نوجوان افراد کے لئے شروع کی جا رہی ہے۔ اس سکیم کے لئے مالی سال 14-2013 میں پانچ ارب روپے مختص کئے گئے ہیں۔ اسکیم کے تحت ابتدائی طور پر نیشنل بنک اور فرسٹ ویمن بنک کے ذریعے ایک لاکھ افراد کو سالانہ 8 فیصد شرح منافع کی بنیاد پر قرضے دیئے جائیں گے۔ جس میں ایک سال کی رعائتی مدت بھی شامل ہے۔ 8 سال کے عرصے کے لئے چھوٹے کاروباری قرضے کے لئے ملک بھر کے چھوٹے اور درمیانے درجے کے کاروباری افراد کو 90:10 فیصد کے تناسب سے قرضے دیئے جائیں گے۔ 90 فیصد سرمایہ حکومت جبکہ 10 فیصد کاروباری افراد لگائیں گے۔ اسکیم کے تحت پنجاب، سندھ، خیبر پختونخوا، بلوچستان، گلگت بلتستان، آزاد کشمیر اور فاٹا کے عوام کو قرضوں کے حصول کی سہولت حاصل ہو گی۔ روزگار کے مواقع فراہم کرنے اور قومی آمدنی میں اضافے کے لئے چلنے والی اس اسکیم کا مقصد

چھوٹے اور درمیانے درجے کے کاروباری شعبے کی ترقی کو یقینی بنانا ہے۔

اسکیم کے تحت چھوٹے اور درمیانے درجے کے کاروباری شعبے میں وسعت اور مقابلے کے رجحان کے لئے حکومت ہر ممکن مدد فراہم کرے گی۔ چھوٹے اور درمیانے درجے کے کاروبار کو ترقی دینے کے ادارے SMEDA نے وزیر اعظم کی چھوٹے کاروباری قرضہ اسکیم کے لئے پچاس شعبوں کی نشاندہی کی ہے۔ اس حوالے سے ملک بھر میں چھوٹے اور درمیانے درجے کے کاروبار کی ترقی کے لئے حکومت ہر ممکن معاونت کرے گی۔ تاہم اسکیم کا دائرہ کار صرف انہی پچاس قسم کے کاروبار تک محدود نہیں ہے۔ کاروباری افراد کسی بھی بہتر منصوبے کی نشاندھی کر سکتے ہیں۔ SMEDA کاروبار کی منصوبہ بندی کیلئے ہر طرح کی تکنیکی رہنمائی فراہم کرے گا اور اس سلسلے میں ادارے کی ویب سائٹ WWW.SMEDA.ORG.PK سے مدد بھی حاصل کی جاسکتی ہے۔

## 5۔ اجمالی جائزہ

اچار کی پیداوار، پراسسنگ، پیکنگ اور مارکیٹنگ کا کاروبار پاکستان کے تمام بڑے شہروں میں شروع کیا جاسکتا ہے۔ ان شہروں میں ترجیحاً کراچی، حیدرآباد، سکھر، شکارپور، لاہور، ملتان، پشاور اور راولپنڈی شامل ہیں۔ اس منصوبے کی پیداوار میں سول سیل کے لئے بڑی پیکنگ اور صارفین کے لئے مصنوعات کی چھوٹی پیکنگ شامل ہے۔ اس کاروبار میں اندرونی شرح منافع 37 فیصد اور کل لاگت کی مدت واپسی 3 سال 5 ماہ ہے۔ اس کام میں تخمینہ لاگت کل 1.17 ملین روپے ہے جس میں بنیادی اخراجات 850,000 روپے اور 323,961 روپے نظام کار چلانے کے لیے ضروری ہوں گے۔

منصوبے کی کامیابی کے لئے مندرجہ ذیل عوامل سب سے اہم ہیں۔

1۔ مصنوعات کا معیار اور ان کی قیمت

2۔ ترکیب اور پیداواری عمل

3۔ واجبات کی بروقت وصولی

## 6۔ کاروبار و مصنوعات کا مختصر بیان

اچار پھلوں اور سبزیوں کو سرکے یا تیل میں چینی یا مصالحوں کے ساتھ محفوظ کرنے کے بعد حاصل شدہ چیز کا عام فہم نام ہے۔ برصغیر میں کھانے کے ساتھ استعمال ہونے والی چیزوں میں اچار ایک مستقل شے ہے۔ زیر نظر کام میں چار مشہور طرز کے اچار کی تیاری اور فروخت کی جائے گی جس میں مرچ، آم، لیموں، لہسن اور ان کے مجموعے کا اچار تیار ہوگا۔ ابتدا میں چار مختلف قسم کے اچار ایک مقدار میں تیار کر کے مختلف اوزان میں محفوظ کر کے فروخت کئے جائیں گے اور مکس اچار انہی میں سے مقدار شامل کر کے منڈی کی طلب کے مطابق تیار ہوگا۔ یہ کام انفرادی ملکیت میں پاکستان کے کسی بھی بڑے شہر میں کیا جاسکتا ہے۔

اس کام میں سالانہ 70,000 کلوگرام اچار تیار کیا جاسکے گا۔ البتہ یہ یونٹ استعداد کا 45 فیصد یعنی 31,800 کلو سالانہ اچار تیار اور فروخت کرے گا اور بتدریج ہر سال 3 فیصد پیداواری اضافہ کرے گا۔ اچار کی تیاری محفوظ کرنے کے لیے تقریباً 1800 اسکوائر فٹ کی جگہ کی ضرورت ہے۔ یہ جگہ پیداوار، محفوظ کرنے، ذخیرہ کرنے اور انتظامی امور کے دفتر کے لیے استعمال ہوگی۔ قیمتوں کے اتار چڑھاؤ سے بچنے کے لیے دو ماہ کے لیے درکار پھل، سبزیاں، بوتلیں، لیبل، کارٹن وغیرہ ایک ہی مرتبہ خرید کر رکھ لی جائیں گی۔ اچار کی تیاری اور پیکنگ کے لیے ضروری مشینیں بھی خریدنا ضروری ہیں۔

### پیداوار:

چار قسم کے عام طور پر استعمال کئے جانے والے اچار جس میں مرچ، آم، لیموں، ادرک اور مکس اچار شامل ہیں، مختلف سائز کی پیکنگ میں تیار کیے جائیں گے۔ اچار کی تمام اقسام 330 گرام، 450 گرام، ایک کلوگرام، 1.8 کلوگرام اور 5 کلوگرام کے پیک بنائے جائیں گے۔ 330 گرام سے لے کر 1.8 کلو اچار بوتلوں میں جبکہ اس کے زیادہ اوزان کے اچار پولی تھین بیگ میں دستیاب ہوگا۔ 5 کلوگرام اچار پلاسٹک کی بالٹی میں فروخت کیا جائے گا جسے کھلا اچار کہا جاتا ہے۔

## کاروبار کے لیے مناسب جگہ و متوقع خریدار:

کسی ایسی جگہ پر یونٹ کا قیام مناسب ہوگا جہاں سے متوقع خریدار قریب ہوں تاکہ ترسیل کی لاگت کم آئے۔ اس کام کے لیے پاکستان کے بڑے شہر مثلاً کراچی، لاہور، کوئٹہ، پشاور، حیدرآباد، لاڑکانہ، شکارپور، سکھر اور ملتان مناسب ہیں۔

## درکار انسانی وسائل:

اچار کی تیاری اور فروخت کے لیے 4 افراد کافی رہیں گے۔

## 7۔ انتہائی قابل توجہ امور

- ☆ مصنوعات کا معیار اور حفظان صحت پر عمل
- ☆ بہتر پیکنگ اور مال کی ترسیل
- ☆ خام مال کی بروقت خریداری
- ☆ بہتر تشہیری مہم

## 8۔ ابتدائی و عملی استعداد

اچار کے کاروبار کے لئے پیداواری استعداد علاقے میں لوگوں کی آمدن پر منحصر ہے۔ اس لئے علاقہ کے فرق سے کاروبار کے سائز میں فرق ہوگا۔ اس سلسلے میں مندرجہ ذیل دو طرح کے کاروباری طریقے ہوسکتے ہیں۔

### بوتل اور پلاسٹک بیگ کی پیکنگ والا اچار

1۔ کم آمدنی والے علاقے ۔سیل کا 40 فیصد تا 50 فیصد

2۔ درمیانے اور زیادہ آمدنی والے علاقے ۔سیل کا 50 فیصد تا 60 فیصد

### ہول سیل کی بڑی پیکنگ

1۔کم آمدنی والے علاقے ۔سیل کا 70 فیصد تا 80 فیصد

2۔درمیانے اور زیادہ آمدنی والے علاقے ۔سیل کا 20 فیصد تا 30 فیصد

پراجیکٹ میں سالانہ 70,000 کلوگرام اچار تیار کرنے کی استعداد ہوگی۔ البتہ آغاز میں 31,800 کلوگرام سالانہ تیار کیا جائے گا۔

## 9۔ سرمایہ کاری کے لئے جغرافیائی مواقع

آج کل اچار زیادہ تر گھروں کے اندر تیار کیا جاتا ہے اور چونکہ اچار تیار کرنے اور اسے پیک کرنے کا طریقہ آسان ہے اس لئے اس کے لئے کوئی خصوصی جگہ کا زیادہ موزوں ہونا اہم نہیں ہے۔ یہ تجویز کیا جاتا ہے کہ یہ کاروبار اس جگہ یا علاقے میں قائم کیا جائے جہاں اچار کی مارکیٹ قریب ہوتا کہ منڈی تک نقل وحمل کا خرچہ بچایا جاسکے۔ اس کام کے لیے پاکستان کے بڑے شہر مثلاً کراچی، لاہور، کوئٹہ، پشاور، حیدرآباد، لاڑکانہ، شکارپور، سکھر اور ملتان مناسب ہیں۔

## 10۔ متوقع منڈیاں اور تجارتی علاقے

برصغیر میں کھانے کے ساتھ اچار ایک لازمی جز سمجھا جاتا ہے۔ تجارتی پیمانوں پر اچار کی تیاری کے بعد اس کی مانگ میں بھی اضافہ ہو رہا ہے۔ روائتی طور پر پاکستان اور بھارت میں گھر کا بنا اچار استعمال کیا جاتا ہے۔ تاہم اس کے استعمال اور شہری طرز زندگی نے اس کی تجارتی پیمانے پر تیاری کو فروغ دیا ہے۔ ملک میں 180 ملین سے زیادہ استعمال کنندگان کی موجودگی میں اس کاروبار میں ممکنہ سرمایہ کاری کے مواقع بہت زیادہ ہیں۔ اس کاروبار کیلئے موزوں ترین شہر کراچی، لاہور، پشاور، کوئٹہ، حیدرآباد، لاڑکانہ، سکھر اور ملتان ہوں گے۔ برآمد کرنے کے لئے متحدہ عرب امارات، سعودی عرب اور برطانیہ جیسے ممالک زیادہ اہم ہیں۔

## 11۔ پیداواری گردشِ عمل (پروڈکشن پراسس فلو)

پاکستان میں اچار دو بنیادی طریقوں سے تیار کیا جاتا ہے۔ اول، پانی والا اچار دوئم تیل والا اچار۔ پاکستانی مارکیٹ میں بالعموم پانی والا اچار دستیاب ہے، جبکہ گھریلو طور پر تیل والا اچار بنایا جاتا ہے۔ گھریلو طور پر اچار تیار کرنے کا مروجہ طریقہ درج ذیل ہے:

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| سبزی/ پھل کو گرم پانی سے دھونا اور خشک کرنا | مطلوبہ سائز کے ٹکڑے کرنا | کسی بڑے برتن میں ڈال کر مطلوبہ مصالحے ڈالنا | تیل ڈال کر تمام اچار کو اس میں ڈبونا | اچار کے برتن کو دھوپ میں رکھنا/ ہوا کا راستہ رکھنا/ 15 دن تک روزانہ ہلانا | اچار تیار ہے۔ اچار کو پیک کر کے روشنی سے دور رکھنا |

وزیراعظم کی یوتھ بزنس لون سکیم کے تحت اس پراجیکٹ کے قیام وانتظام کے لئے ایک تفصیلی ماڈل وضع کیا گیا ہے جس سے اس کی متوقع کامیابی کا تخمینہ لگایا گیا ہے۔ اس میں مختلف تصورات کے ذریعے کاروبار کو درپیش مختلف مسائل کی صورت میں آمدنی کے امکانات کا جائزہ لیا گیا ہے۔

## 12۔ منصوبے کی کل لاگت کا خلاصہ

### 12.1۔ معاشی کیفیت

متوقع آمدن، اثاثوں اور وسیلہ جات کا گوشوارہ اور گردشِ نقد کا کھاتہ آخر میں دیئے گئے ہیں۔

مندرجہ ذیل جدول سے اندرونی شرح کی ادائیگی اور واپسی کی مدت کا پتہ چلتا ہے۔

**جدول 1: معاشی کیفیت**

| نمبر شمار | مندرجات | تفصیل |
|---|---|---|
| 1 | اندرونی شرح منافع (IRR) | 37 فیصد |
| 2 | کل لاگت کی مدت واپسی (Payback) | 3 سال 5 ماہ |
| 3 | موجودہ قدر حاصل (NPV) | 2,566,201 روپے |

## 12.2۔ درکارسرمایہ

مندرجہ ذیل جدول میں بینک کے قرض سے متعلق مطلوبہ ایکوئٹی اور کمی بیشی کی تفصیل فراہم کرتا ہے۔

**جدول2: درکارسرمایہ**

| مندرجات | تفصیل |
|---|---|
| کل درکار ذاتی سرمایہ(10فیصد) | 117,396روپے |
| بینک کا قرضہ(90فیصد) | 1,056,565روپے |
| قرضے پر سالانہ شرح منافع | 8فیصد |
| قرضے کی واپسی کی کل مدت | 8سال |
| رعائتی مدت | 1سال |

## 12.3۔ کل لاگت کاروبار

مجوزہ کاروبار کے لئے درج ذیل اشیاء درکار ہیں:

**جدول3:کل لاگت کاروبار**

| اخراجات | رقم (روپے) |
|---|---|
| ایڈوانس کرایہ | 150,000 |
| عمارت کو کام کے قابل بنانا | 150,000 |
| دفتری لوازمات | 100,000 |
| مشینیں ومتفرقات | 450,000 |
| **کل بنیادی خرچ** | **850,000** |
| روزمرہ اخراجات کے لیے رقم | 323,961 |
| **کل لاگتِ کاروبار** | **1,173,961** |

## 12.4۔ درکارزمین

درکارجگہ کی تقسیم اس انداز میں ہوگی کہ اس میں دفتر اوراسٹور بھی بن سکیں۔ اچار کی پیداوار، تیاری اور پیکنگ کیلئے کل جگہ 200 مربع گز (1800 مربع فٹ) درکار ہوگی۔ اس جگہ میں اچار کی تیاری، پیکنگ، اسٹوریج اورانتظامی دفاتر ہوں گے۔ تاہم اس یونٹ کیلئے لگے بندھے اصول نہیں ہیں۔ ذیل میں درکار جگہ کی تقسیم کا خاکہ دیا گیا ہے:

**جدول 4: درکارزمین**

| درکارزمین (مربع فٹ) | مربع فٹ | تعمیرومرمت کی رقم (روپے) |
|---|---|---|
| دفتر | 200 | 25,000 |
| فیکٹری | 1,400 | 100,000 |
| سٹور | 200 | 25,000 |
| **کل جگہ** | **1,800** | **150,000** |

اچار کی پیداوار، تیاری اور پیکنگ کیلئے کل جگہ 200 مربع گز (1800 مربع فٹ) درکار ہوگی جو کہ کرایہ پر حاصل کی جائے گی اوراس کا ماہانہ کرایہ 25,000 روپے تک ہوگا۔ خیال کیا جاتا ہے کہ یہ ایک تیار شدہ مکان ہوگا۔ تاہم اس کو اپنی سہولت کے مطابق بنانے پر 150,000 روپے خرچہ آئے گا۔

## 12.5۔ مشینری اورآلات کی تفصیل

اچار بنانے والے کارخانے کوصرف اچار کی مکسنگ اور پیکنگ کیلئے مشینری درکار ہوگی۔ اچار کی پیکنگ کیلئے مارکیٹ میں مقامی اور درآمدشدہ مشینری دستیاب ہے۔ مقامی تیارشدہ مشینری بھی اطلاع کے مطابق اچھی کارگردگی کی حامل ہے اور بعد از استعمال فروخت بھی ہوجاتی ہے۔

ذیل کی جدول اچار سازی کیلئے درکار مشینری کی تفصیل ظاہر کرتا ہے۔

**جدول 5۔ مشینری اورآلات کی تفصیل**

| مندرجات | صلاحیت (یونٹ/ گھنٹہ) | تعداد | لاگت (روپے/یونٹ) | کل رقم (روپے) |
|---|---|---|---|---|
| مکسنگ مشین | 50 کلوگرام/ گھنٹہ | 1 | 150,000 | 150,000 |
| برتن، پین اور دیگر آلات | ۔ | 1 | 100,000 | 100,000 |
| پیکنگ مشین | 50 کلوگرام/ گھنٹہ | 1 | 200,000 | 200,000 |
| **کل رقم** | | | | **450,000** |

## 12.6۔ دفتری سامان

دفتر/ فیکٹری کے سامان/فرنیچر کے حصول کیلئے 100,000 روپے کی مفروضہ رقم مختص کی گئی ہے۔ اس سامان میں کمپیوٹر، پرنٹر، فیکس، میز، ڈیسک اور کرسیاں وغیرہ شامل ہوں گی۔ دفتری سامان اورتنصیبات کی تفصیل حسب ذیل ہے:

**جدول 6: دفتری سامان**

| مندرجات | تعداد | لاگت | رقم |
|---|---|---|---|
| کمپیوٹرز | 1 | 15,000 | 15,000 |
| کمپیوٹر پرنٹر | 1 | 5,000 | 5,000 |
| ٹیلی فون | 2 | 2,500 | 5,000 |
| فیکس مشین | 1 | 10,000 | 10,000 |
| فرنیچر | 1 | 65,000 | 65,000 |
| **کل رقم** | | | **100,000** |

## 12.7۔ درکار خام مال

درکار خام مال کی فہرست یونٹ کی پیداواری صلاحیت کے مطابق تیار کی جائے گی تا کہ قیمتوں کے اتار چڑھاؤ سے بچا جا سکے۔اس مقصد کیلئے دو مہینوں کے دوران تیار ہونیوالے اچار کیلئے بوتلیں، لیبل اور گتے کے ڈبے حاصل کیے جائیں۔

**جدول 7: درکار خام مال**

| اجزاء | یونٹ | ریٹ | تعداد | لاگت |
|---|---|---|---|---|
| آم/مرچ/لہسن/لیموں | کلوگرام | 46.25 | 22,535 | 1,042,261 |
| نمک | کلوگرام | 15 | 799 | 11,980 |
| مرچ | کلوگرام | 140 | 799 | 111,814 |
| سونف | کلوگرام | 230 | 319 | 73,478 |
| میتھی بیج | کلوگرام | 80 | 319 | 25,558 |
| کلونجی | کلوگرام | 200 | 319 | 63,849 |
| رائی | کلوگرام | 110 | 319 | 35,142 |
| تیل | کلوگرام | 150 | 6,389 | 958,409 |
| **کل خام مال لاگت** | | | **31,800** | **2,322,536** |

نوٹ: تمام رقم روپوں میں لکھی گئی ہے۔

**جدول 8: پیکنگ پر لاگت**

| بوتل۔گرام۔لیبل | یونٹ | ریٹ | تعداد | روپے/یونٹ |
|---|---|---|---|---|
| 330 | گرام | 10.50 | 10,000 | 105,000 |
| 450 | گرام | 13.50 | 10,000 | 135,000 |
| 1,000 | گرام | 19.00 | 7,500 | 142,500 |
| 1,800 | گرام | 25.00 | 5,000 | 125,000 |
| 5,000 | گرام | 61.00 | 1,500 | 91,500 |
| **کل پیکنگ لاگت** | | | | **599,000** |

## 12.8۔ درکار افرادی قوت

جدول 9: درکار افرادی قوت

| وضاحت | عملہ کی تعداد | تنخواہ فی ملازم ماہانہ (روپے) | کل سالانہ تنخواہ (روپے) |
|---|---|---|---|
| مالک منیجر | 1 | 25,000 | 300,000 |
| پروسیسنگ سٹاف | 1 | 10,000 | 120,000 |
| پیکنگ اسٹاف | 1 | 10,000 | 120,000 |
| سیلز آفیسر (کمیشن) | 1 | 10,000 | 120,000 |
| کل عملہ | 4 | | 660,000 |

اچار کی تیاری کیلئے خصوصی تربیت یافتہ عملہ رکھنے کی ضرورت نہیں ہے تاہم پیکنگ مشینری کو استعمال کرنے میں ماہر کاریگروں کی ضرورت ہوگی۔ مجوزہ کار کیلئے 4 افراد پر مشتمل عملہ کافی ہوگا جو اچار کی تیاری اور پیکنگ کرے گا۔ اچار کی تیاری اور پیکنگ کیلئے عملہ اور تنخواہوں کی تفصیل پچھلے جدول میں دی جاچکی ہے۔ اس کاروبار کی کامیابی کیلئے منتظم کا اچھا ہونا ضروری ہے۔ اُسے روزانہ کے کاروباری معاملات، اکاؤنٹس اور انتظامی امور کو دیکھنا ہوگا۔ تمام ملازمین کی تنخواہوں میں سالانہ 10 فیصد اضافے کا اندازہ لگایا گیا ہے۔

## 12.9۔آمدن۔ متوقع پیداوار اور آمدن

کاروبار کو وسعت دینے کیلئے سالانہ قیمت اور استعداد کار میں اضافے کا اندازہ 10 فیصد اور 3 فیصد سالانہ رکھا گیا ہے۔ یہ کاروبار کی وسعت اور قیمتوں میں استحکام کیلئے ضروری ہو گا۔اس صنعت کے ماہرین کے ساتھ گفت وشنید کے بعد ہم نے اچار کی مختلف مقدار میں تیاری کے بعد مفروضہ آمدن کی جدول پیش کی ہے:

جدول 10: آمدن۔ متوقع پیداوار اور آمدن

| اچار (وزن گرام میں) | یونٹ | قیمت فروخت (روپے/ یونٹ) | پہلے سال پیداوار | پہلے سال آمدن (روپے) |
|---|---|---|---|---|
| 330 | تعداد | 50 | 10,000 | 750,000 |
| 450 | تعداد | 90 | 10,000 | 1,350,000 |
| 1000 | تعداد | 150 | 7,500 | 1,500,000 |
| 1800 | تعداد | 260 | 5,000 | 2,080,000 |
| 5000 | تعداد | 700 | 1,500 | 3,500,000 |
| کل آمدن | | | | **4,875,000** |

## 12.10۔متفرق لاگتیں

☆ ایک مثالی صنعت قائم کرنے کے پیش نظر خیال کیا جاتا ہے کہ 50 فیصد مال نقد ادائیگی کی بنیاد پر فروخت ہوگا جبکہ بقیہ 50 فیصد مال مقامی دکاندار یا تقسیم کنندگان ادھار پر لیں گے جو کہ 30 دن کی بنیاد پر دیا جائے گا۔

☆ ادھار کا ایک فیصد ڈوب جائے گا۔

☆ اچار سازی کے کام میں پیکنگ کیلئے بجلی کا استعمال اور پھل سبزیاں صاف کرنے اور دھونے کیلئے پانی کا استعمال بھی ہے۔ یوٹیلٹی اخراجات جیسے بجلی، ایندھن، ٹیلی فون اور گیس بل کی مد میں محتاط اندازے کے مطابق 22,000 روپے ماہانہ خرچ ہوں گے۔

☆ اس پری فزیبلٹی کے مطابق ابتدائی طور پر اچار کی تیاری اور فروخت مقامی طور پر ہوگی۔ ابتدائی طور پر اشتہار بازی کی سکت نہ ہوگی اور گراں بھی ہوگی۔ خیال کیا جاتا ہے کہ مال کی فروخت کیلئے مقامی لوگوں سے روابط استوار کیے جائیں گے۔ اس مقصد کیلئے ایک اندازے کے مطابق سالانہ فروخت کا 5 فیصد کے مساوی اخراجات آئیں گے۔ یہ اخراجات کاروباری اجلاسوں، پارٹیوں اور تحائف اور سیلز پروموشن وغیرہ کی مد میں خرچ ہوگی۔

☆ کاروبار چلانے کیلئے متفرق اخراجات کی مد میں اندازے کے مطابق 15,000 روپے ماہانہ خرچ ہوں گے۔ یہ اخراجات دفتری اسٹیشنری، روزمرہ قابل صرف اشیاء، آمدورفت وغیرہ کی مد میں ہوں گے اور ان میں سالانہ 10 فیصد اضافہ کا اندازہ لگایا گیا ہے۔

☆ کاروبار مالکانہ بنیاد پر استوار ہوگا لہٰذا تنخواہ وصول نہ کرنے والے (مالک/مالکان) عملہ سے ٹیکس کاروبار کی نوعیت کے اعتبار سے وصول کیا جائے گا۔

منصوبہ کے مندرجات درج ذیل جدول میں بیان کئے گئے ہیں:

سرمائے کی لاگت

| شرح | مندرجات |
|---|---|
| 20 فیصد | شرح ذاتی منافع |
| 8 فیصد | قرضہ کی شرح لاگت |
| 9.2 فیصد | کل سرمایہ کی شرح لاگت |

سرمائے کی لاگت کی بنیاد واجب الادا رقم / ایکویٹی کیش رقم 90:10 ہوگی۔

# 13 ضمیمہ جات

## 13.1۔آمدن کا گوشوارہ

**Pickle Processing, Pakaging & Marketing**

| Projected Income Statement (Rs.) | Year 1 | Year 2 | Year 3 | Year 4 | Year 5 | Year 6 | Year 7 | Year 8 | Year 9 | Year 10 |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| Revenue | 4,875,000 | 5,523,375 | 6,257,984 | 7,090,296 | 8,033,305 | 9,101,735 | 10,312,265 | 11,683,797 | 13,237,742 | 14,998,361 |
| Beginning inventory | - | 101,563 | 115,070 | 130,375 | 147,714 | 167,361 | 189,619 | 214,839 | 243,412 | 275,786 |
| Ending Inventory | 101,563 | 115,070 | 130,375 | 147,714 | 167,361 | 189,619 | 214,839 | 243,412 | 275,786 | 312,466 |
| Gross Revenue | 4,773,438 | 5,509,867 | 6,242,680 | 7,072,956 | 8,013,659 | 9,079,476 | 10,287,046 | 11,655,223 | 13,205,368 | 14,961,682 |
| Sales on Credit | 2,386,719 | 2,754,934 | 3,121,340 | 3,536,478 | 4,006,830 | 4,539,738 | 5,143,523 | 5,827,612 | 6,602,684 | 7,480,841 |
| Sales on Cash | 2,386,719 | 2,754,934 | 3,121,340 | 3,536,478 | 4,006,830 | 4,539,738 | 5,143,523 | 5,827,612 | 6,602,684 | 7,480,841 |
| Bad Debt Expenses | 23,867 | 27,549 | 31,213 | 35,365 | 40,068 | 45,397 | 51,435 | 58,276 | 66,027 | 74,808 |
| Net (Adjusted Sales) | 4,749,570 | 5,509,867 | 6,242,680 | 7,072,956 | 8,013,659 | 9,079,476 | 10,287,046 | 11,656,223 | 13,205,368 | 14,961,682 |
| Cost of Sales | 3,425,536 | 3,864,500 | 4,360,183 | 4,919,963 | 5,552,181 | 6,266,270 | 7,123,919 | 8,103,109 | 9,221,926 | 10,501,323 |
| Raw Material Cost | 2,921,536 | 3,310,100 | 3,750,343 | 4,249,139 | 4,814,274 | 5,454,573 | 6,180,031 | 7,001,975 | 7,933,238 | 8,988,359 |
| Labor (Production Staff) | 240,000 | 264,000 | 290,400 | 319,440 | 351,384 | 386,522 | 476,186 | 586,873 | 722,781 | 890,466 |
| Other Utilities | 264,000 | 290,400 | 319,440 | 351,384 | 386,522 | 425,175 | 467,692 | 514,461 | 565,907 | 622,498 |
| Gross Profit | 1,324,035 | 1,645,367 | 1,882,496 | 2,152,993 | 2,461,478 | 2,813,206 | 3,163,127 | 3,552,114 | 3,983,441 | 4,460,359 |
| Gross Profit Margin | 28% | 30% | 30% | 30% | 31% | 31% | 31% | 30% | 30% | 30% |
| General Administrative & Selling Expenses | | | | | | | | | | |
| Salaries | 420,000 | 462,000 | 508,200 | 559,020 | 614,922 | 676,414 | 744,056 | 818,461 | 900,307 | 990,339 |
| Factory/Office Miscellaneous Expenses | 180,000 | 198,000 | 217,800 | 239,580 | 263,538 | 289,892 | 318,881 | 350,769 | 385,846 | 424,431 |
| Rent Expense | 300,000 | 339,900 | 385,107 | 436,326 | 494,357 | 560,107 | 634,601 | 719,003 | 814,630 | 922,976 |
| Amortization of Preliminary Expenses | - | - | - | - | - | - | - | - | - | - |
| Depreciation Expense | 70,000 | 63,000 | 56,700 | 51,030 | 45,927 | 41,334 | 37,201 | 33,481 | 30,133 | 27,119 |
| Maintenance Expense | 13,500 | 13,500 | 13,500 | 13,500 | 13,500 | 13,500 | 13,500 | 13,500 | 13,500 | 13,500 |
| Distribution & Retailer Margin | - | - | - | - | - | - | - | - | - | - |
| Selling & Promotional Expense | 237,479 | 275,493 | 312,134 | 353,648 | 400,683 | 453,974 | 514,352 | 582,761 | 660,268 | 748,084 |
| *Subtotal* | *1,220,979* | *1,351,893* | *1,493,441* | *1,653,104* | *1,832,927* | *2,035,221* | *2,262,591* | *2,517,975* | *2,804,685* | *3,126,448* |
| Operating Income | 103,056 | 293,474 | 389,056 | 499,889 | 628,551 | 777,985 | 900,536 | 1,034,139 | 1,178,757 | 1,333,910 |
| Financial Charges (8% Per Annum) | 84,525 | 80,285 | 70,547 | 60,000 | 48,578 | 36,208 | 22,812 | 8,303 | - | - |
| Earnings Before Taxes | 18,531 | 213,189 | 318,509 | 439,889 | 579,973 | 741,776 | 877,725 | 1,025,835 | 1,176,757 | 1,333,910 |
| Tax | - | - | - | 43,989 | 57,997 | 74,178 | 54,159 | 76,375 | 98,313 | 122,587 |
| Net Profit | 18,531 | 213,189 | 318,509 | 395,900 | 521,975 | 667,598 | 823,566 | 945,460 | 1,078,443 | 1,211,324 |
| Monthly Profit After Tax | 1,544 | 17,766 | 26,542 | 32,992 | 43,498 | 55,633 | 68,630 | 78,122 | 89,954 | 100,944 |

## 13.2۔اثاثوں اور وسیلہ جات کا گوشوارہ

**Pickle Processing, Pakaging & Marketing**

| Projected Balance Sheet (Rs.) | Year 0 | Year 1 | Year 2 | Year 3 | Year 4 | Year 5 | Year 6 | Year 7 | Year 8 | Year 9 | Year 10 |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| Assets | | | | | | | | | | | |
| *Current Assets* | | | | | | | | | | | |
| Cash & Bank Balance | 82,000 | 17,745 | 123,045 | 311,562 | 553,323 | 895,650 | 1,356,458 | 1,944,170 | 2,626,479 | 3,609,928 | 4,706,470 |
| Raw Material Inventory | 241,961 | 243,461 | 275,842 | 312,529 | 354,095 | 401,190 | 454,548 | 515,003 | 583,498 | 661,103 | 749,030 |
| Finished Goods Inventory | 0 | 101,563 | 115,070 | 130,375 | 147,714 | 167,361 | 189,619 | 214,839 | 243,412 | 275,786 | 312,466 |
| Accounts Receivable | 0 | 49,723 | 57,394 | 65,028 | 73,677 | 83,476 | 94,578 | 107,157 | 121,409 | 137,556 | 155,851 |
| Advance Rent | 150,000 | 150,000 | 150,000 | 150,000 | 150,000 | 150,000 | 150,000 | 150,000 | 150,000 | 150,000 | 150,000 |
| **Total Current Assets** | **473,961** | **562,492** | **721,352** | **969,493** | **1,278,809** | **1,697,676** | **2,245,203** | **2,931,168** | **3,724,798** | **4,834,373** | **6,072,817** |
| *Fixed Assets* | | | | | | | | | | | |
| Plant Machinery & Facility | 450,000 | 405,000 | 364,500 | 328,050 | 295,245 | 265,721 | 239,148 | 215,234 | 193,710 | 174,339 | 156,905 |
| Factory Construction | 150,000 | 135,000 | 121,500 | 109,350 | 98,415 | 88,574 | 79,716 | 71,745 | 64,570 | 58,113 | 52,302 |
| Land | 0 | 0 | 0 | 0 | 0 | 0 | 0 | 0 | 0 | 0 | 0 |
| Furniture & Fixtures | 100,000 | 90,000 | 81,000 | 72,900 | 65,610 | 59,049 | 53,144 | 47,830 | 43,047 | 38,742 | 34,868 |
| Vehicle | 0 | 0 | 0 | 0 | 0 | 0 | 0 | 0 | 0 | 0 | 0 |
| **Total Fixed Assets** | **700,000** | **630,000** | **567,000** | **510,300** | **459,270** | **413,343** | **372,009** | **334,808** | **301,327** | **271,194** | **244,075** |
| *Intangible Assets* | | | | | | | | | | | |
| Preliminary Expenses | 0 | 0 | 0 | 0 | 0 | - | - | - | - | - | - |
| **Total Assets** | **1,173,961** | **1,192,492** | **1,288,352** | **1,479,793** | **1,738,079** | **2,111,019** | **2,617,212** | **3,265,976** | **4,026,125** | **5,105,568** | **6,316,892** |
| Owner's Equity | 117,396 | 135,927 | 349,116 | 667,625 | 1,063,525 | 1,585,500 | 2,253,099 | 3,076,665 | 4,026,125 | 5,105,568 | 6,316,892 |
| Long Term Liability | 1,056,565 | 1,056,565 | 939,236 | 812,169 | 674,555 | 525,519 | 364,113 | 189,311 | 0 | 0 | 0 |
| **Total Equity & Liabilities** | **1,173,961** | **1,192,492** | **1,288,352** | **1,479,793** | **1,738,079** | **2,111,019** | **2,617,212** | **3,265,976** | **4,026,125** | **5,105,568** | **6,316,892** |

نوٹ: سمیڈا کی جانب سے پرائم منسٹر یوتھ بزنس لون سے متعلقہ تمام سہولیات اور معلومات مفت فراہم کی جا رہی ہیں

## 13.3۔ گردشِ نقد کا گوشوارہ (کیش فلو سٹیٹمنٹ)

### Pickle Processing, Pakaging & Marketing

| Projected Statement of Cash Flows (Rs.) | Year 0 | Year 1 | Year 2 | Year 3 | Year 4 | Year 5 | Year 6 | Year 7 | Year 8 | Year 9 | Year 10 |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| **Cash Flow From Operating Activities** | | | | | | | | | | | |
| Net Profit | 0 | 18,531 | 213,189 | 318,509 | 395,900 | 521,975 | 667,599 | 823,588 | 949,460 | 1,079,443 | 1,211,324 |
| Add: Depreciation Expense | 0 | 70,000 | 63,000 | 56,700 | 51,030 | 45,927 | 41,334 | 37,201 | 33,481 | 30,133 | 27,119 |
| Amortization Expense | 0 | 0 | 0 | 0 | 0 | 0 | - | - | - | - | - |
| (Increase) / decrease in Receivables | - | (49,723) | (7,871) | (7,633) | (8,649) | (9,799) | (11,102) | (12,579) | (14,252) | (16,147) | (18,295) |
| (Increase) / decrease in RM | - | (1,500) | (32,380) | (36,887) | (41,566) | (47,095) | (53,358) | (60,455) | (68,495) | (77,605) | (87,927) |
| (Increase) / decrease in FG inventory | | (101,583) | (13,508) | (15,304) | (17,340) | (19,646) | (22,259) | (25,219) | (28,574) | (32,374) | (36,680) |
| Net Cash Flow From Operations | 0 | (64,255) | 222,629 | 315,584 | 379,375 | 491,363 | 622,214 | 762,514 | 871,620 | 983,449 | 1,095,542 |
| **Cash Flow From Financing Activities** | | | | | | | | | | | |
| Receipt of Long Term Debt | 1,056,565 | | | | | | | | | | |
| Repayment of Long Term Debt | | | (117,329) | (127,067) | (137,614) | (149,036) | (161,406) | (174,802) | (189,311) | - | - |
| Owner's Equity | 117,396 | | | | | | | | | | |
| Net Cash Flow From Financing Activities | 1,173,961 | 0 | (117,329) | (127,067) | (137,614) | (149,036) | (161,406) | (174,802) | (189,311) | 0 | 0 |
| **Cash Flow From Investing Activities** | | | | | | | | | | | |
| Capital Expenditure | (450,000) | | | | | 0 | | | | | 0 |
| Factory/Office Furniture | (100,000) | | | | | | | | | | |
| Preliminary Operating Expenses | 0 | | | | | | | | | | |
| Purchase of Raw Material inventory | (241,961) | | | | | | | | | | |
| Advance Rent | (150,000) | | | | | | | | | | |
| Construction & Renovation | (150,000) | | | | | | | | | | |
| Net Cash Flow From Investing Activities | (1,091,961) | 0 | 0 | 0 | 0 | 0 | 0 | 0 | 0 | 0 | 0 |
| **NET CASH FLOW** | 82,000 | (64,255) | 105,300 | 188,517 | 241,761 | 342,327 | 460,808 | 587,711 | 682,309 | 983,449 | 1,095,542 |
| Cash at the Beginning of the Period | 0 | 82,000 | 17,745 | 123,045 | 311,562 | 553,323 | 895,650 | 1,356,458 | 1,944,170 | 2,626,479 | 3,609,928 |
| Cash at the End of the Period | 82,000 | 17,745 | 123,045 | 311,562 | 553,323 | 895,650 | 1,356,458 | 1,944,170 | 2,626,479 | 3,609,928 | 4,705,470 |

## 13.4۔ سودمند انتظامی تجاویز

☆ٹیکنالوجی

مشینری آلات کی تفصیل درج ذیل جدول میں ملاحظہ فرمائیں:

| نمبر شمار | مندرجات |
|---|---|
| 1 | مکسنگ مشین |
| 2 | برتن، چھلنیاں، طباق اور دیگر ضروری سامان |
| 3 | پیکنگ مشین |

☆ درکار توانائی

اس پہلو کو نظر انداز نہیں کرنا چاہیے اور متبادل ذرائع کا مناسب انتظام کرنا چاہیے۔

☆ مشینیں فراہم کرنے والے:

مشینیں فراہم کرنے والے ادارے کو پابند کرلیں کہ وہ آپ کے کارکنان کو مشینیں استعمال کرنے کی تربیت اور بعد از استعمال فروخت میں تعاون کرے گا۔

☆ بہترین آلات اور اعلیٰ معیار:

عوام میں اپنی ساکھ بہتر بنانے کیلئے اچار کی تیاری اور پیکنگ کے معیار پر سمجھوتہ نہ کیا جائے۔

### مارکیٹنگ

☆ فروخت اور تقسیم کا بندوبست:

اس کے لئے ماہرین کے مشورے اور تقسیم کنندگان کے ساتھ معاہدے کی ضرورت ہوگی۔

☆ قیمت میں رعایت، لاگت اور تعارفی رعایت

معیار پر کسی بھی قیمت پر سمجھوتہ نہ کریں۔ تعارفی مہم کے دوران قیمتوں میں کمی کاروباری ہتھیار ہوگا۔ قیمت مقرر کرتے وقت لاگت کو ذہن میں رکھیں، حکومت کی مقرر کردہ قیمت آویزاں کرنا ہوگی۔

### عملہ

عملہ کی تفصیل جدول نمبر 9 میں ملاحظہ فرمائیں۔

☆ مہارت اور صلاحیت

ماہر اور تجربہ کار عملہ کو بھی سرمایہ کاری کا حصہ سمجھا جائے یہ منافع میں اضافے کا سبب بنتے ہیں۔

☆ کارکردگی کا صلہ

عملہ کی تربیت اور تلاش پر اٹھنے والے اخراجات کو ان کی اعلیٰ کارکردگی پورا کردے گی۔

## 13.5۔ کارآمد روابط

پیکنگ مشینری کے مقامی سپلائر کراچی اور دیگر شہروں میں موجود ہیں جن سے مشینری کے متعلق معلومات کیلئے رابطہ کیا جا سکتا ہے۔اس رپورٹ کی تیاری کے دوران مندرجہ ذیل مشینری بنانے والوں کی نشاندہی کی گئی تھی۔

| | |
|---|---|
| **سماءانجینئرنگ** | **ڈائریکٹر جنرل** |
| سماء ہاؤس 1/32 A1-2 ناظم آباد 2 کراچی | نیشنل انسٹی ٹیوٹ آف فوڈ سائنس اینڈ ٹیکنالوجی |
| فون 36603311 ,36602467-9221+ | زرعی یونیورسٹی فیصل آباد |
| ویب سائٹ www.samaengineering.com.pk | فون 041-9200161-70/3011 |

## 13.6۔ مفید رابطے (Useful Links)

* Prime Minister`s Office www.pmo.gov.pk
* Small & Medium Enterprises Development Authority (SMEDA) www.smeda.org.pk
* National Bank of Pakistan (NBP) www.nbp.com.pk
* First Women Bank Limited (FWBL) www.fwbl.com.pk
* Government of Pakistan www.pakistan.gov.pk
* Ministry of Education,Training & Standards in Higher Education www.moptt.gov.pk
* Trade Development Authority of Pakistan www.tdap.gov.pk
* Securities & Exchange Commission of Pakistan (SECP) www.secp.gov.pk
* Federation of Pakistan Chambers of Commerce and Industry (FPCCI) www.fpcci.com.pk
* State Bank of Pakistan(SBP) www.sbp.org.pk

## 13.7۔ کلیدی مفروضے

| مندرجات | مفروضات |
|---|---|
| فروخت کی مقدار میں اضافہ | 3 فیصد سالانہ |
| قیمت فروخت میں اضافہ | 10 فیصد سالانہ |
| فروخت کے خرچے میں اضافہ | 10 فیصد سالانہ |
| عملہ کی تنخواہوں میں اضافہ | 10 فیصد سالانہ |
| مصرفات کی قیمت میں اضافہ | 10 فیصد سالانہ |
| عمارت کے کرایہ میں اضافہ | 10 فیصد سالانہ |
| دفتر کے اخراجات میں اضافہ | 10 فیصد سالانہ |
| قرض اور ذاتی لاگت کی شرح | 10:90 فیصد |
| عمارت کی تزئین پر خرچ کی قدر میں کمی | 10 فیصد سالانہ |
| فرنیچر | 10 فیصد سالانہ |
| مدت قرض | 8 سال |
| قرضے کی واپسی کی اقساط | ماہانہ بنیاد پر |
| قرض پر شرح سود | 8 فیصد سالانہ |
| عام طور پر ماری جانے والی رقم | کل فروخت کی آمدن کا 1 فی صد |
| قرض کی واپسی کے لئے رعائتی مدت | 1 سال |